"आज हिन्दू महासभा के सामने एक विशाल एवं महत्वपूर्ण कार्यक्षेत्र पड़ा है विराट संघर्ष के बाद प्राप्त स्वतन्त्रता को सुदृढ करनेमें कांग्रेस असफल होगई है और साधारण जनता की स्थिति को सुधारने की दिशा में भी उसने कोई कारगर कदम नहीं उठाया है। महासभा को अब देश में एक वैधानिक विरोधी दल को सुदृढ व सुसंगठित करना है। साथ ही साथ जनता की स्थिति को सुधारने तथा विश्व राष्ट्रों की मण्डली में अपनी प्राचीन संस्कृति की सम्पत्ति तथा विशाल साधनों के कारण भारत को जो स्थान प्राप्त होना चाहिए उसे प्राप्त करने में महासभा को देश का पथप्रदर्शक बनकर काम करना है।

दुर्भाग्यवश एक ही विचारधारा का समर्थन तथा वस्तुतः एक ही कार्यक्रम का प्रचार करने वाले कई छोटे छोटे दल हमारे बीचमें बन गये हैं। और इस कारण हिन्दू शक्तियां खण्डित हो गयी हैं। यह बड़े दुख की बात है। मैं भारत को आहावन करता हूं कि हमारे सामने जो विपदायें आयी हुई हैं, उनको देखते हुए सदविचार रखने वाले सभी लोगों को यह समझ लेना चाहिए कि हिन्दू शक्तियों को खण्डित नहीं होना चाहिए बल्कि हमें सभी भेद-भावों को मिटाकर एक संस्था के रूप में सुसंगठित हो जाना चाहिए।

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

9. Pages

راجپوت پریشد تحریک کا بائیکاٹ کرینگے

کشمیری راجپوتوں کی سنٹرل کمیٹی کا فیصلہ

جموں ۲۷ دسمبر کشیپ راجپوتوں کی سنٹرل کمیٹی نے اپنے ممبروں سے کہا ہے کہ وہ پرجا پریشد کی ایجی ٹیشن میں حصہ نہ لیں کیونکہ موجودہ حکومت نے قرضوں اور زمینوں کے متعلق غریبوں کیلئے کئی مفید کام کئے ہیں اس لئے حکومت کا ساتھ دینا چاہئے

بھاسولی ریاسی اور راجوری میں نیشنل کانفرنس کیطرف سے جلوس نکالے گئے

پرجا پریشد کی تحریک کی مخالفت یہ تحریک فرقہ پرست عناصر نے شروع کی ہے

جموں ۲۷ دسمبر۔ گذشتہ اتوار کو بھاسولی جموں میں کسانوں کا ایک عظیم الشان جلوس نیشنل کانفرنس کی حمایت میں اور پرجا پریشد کے خلاف نعرے لگاتے گئے زال بعد کشمیر آئین ساز اسمبلی کے ممبر شری مہنت رام کی زیر صدارت ایک پبلک جلسہ منعقد ہوا جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے شری کشن دیو سیٹھی ممبر کانسٹی ٹیونٹ اسمبلی سیکرٹری نیشنل کانفرنس نے کہا کہ پرجا پریشد کی تحریک سرمایہ دارانہ عناصر کے مفاد کی حفاظت کیلئے چلائی گئی ہے۔ اسلئے ہند کی فرقہ پرست پارٹیوں کی طرف سے اسکی امداد کی جا رہی ہے لیکن جہاں تک ہند کے عوام کا تعلق ہے وہ ہمارے ساتھ ہیں۔ آپنے کہا کہ پرجا پریشد کی تحریک نہ صرف کشمیر سرکار کے بلکہ ہند سرکار کے بھی خلاف ہے اسکے علاوہ حال ہی میں راجوری میں ایک پبلک جلسہ منعقد ہوا جس میں پرجا پریشد کی تحریک کی مذمت میں ریزولیوشن پاس کیا گیا اور گورنمنٹ کی پوری پوری مدد کرنیکا اعلان کیا گیا۔ نیشنل کانفرنس ضلع پونچھ کے سیکرٹری شری اوتار کرشن نے ایک بیان میں کہا پونچھ کے عوام کو شیخ عبداللہ کی لیڈرشپ پر...

کشمیر حکومت کی مکمل حمایت

29 دسمبر

جموں کے سکھ لیڈروں کا شیخ عبداللہ کو مراسلہ

جموں ۲۷ دسمبر: جموں کے متعدد سکھ لیڈروں نے وزیر اعظم کشمیر شیخ محمد عبداللہ کو ایک تار دیا ہے جس میں انہوں نے پریشد کی ایجی ٹیشن کی سخت مذمت کی ہے اور انہیں یقین دلایا ہے کہ فرقہ پرستی کے خلاف سکھ فرقہ حکومت کی مکمل حمایت اور امداد کرے گا۔ اس پر دستخط کرنے والوں میں سردار جنگ سنگھ۔ فقیر سنگھ وغیرہ بھی شامل ہیں

...

مشہور ہوا ہے۔ کہ کشمیر گورنمنٹ نے مرکزی حکومت کو اطلاع دی ہے۔ کہ پرجا پریشد کی تحریک کمزور ہو گئی ہے اور زیادہ دیر چل نہیں سکے گی۔

29 دسمبر

مجھے معلوم ہوا ہے کہ اگرچہ مرکزی حکومت کے کچھ افسر پٹیالہ یونین کی اسمبلی کو توڑ دینے کے حق میں ہیں۔ مگر پردھان منتری یہ قدم اٹھانا نہیں چاہتے اسلئے مستقبل قریب میں پٹیالہ یونین میں سیاسی ردو بدل کا کوئی امکان نہیں۔ راج پرمکھ اور وزارت قائم رہیگی اور سردار گیان سنگھ نے مرکزی حکومت سے تعاون کرنے اور اس کے مشورہ پر عمل کرنے کا یقین دلا دیا ہے

کشمیر اور پٹیالہ یونین

کشمیر کے سرکاری حلقوں نے ان خبروں کو غلط قرار دیا ہے کہ کشمیر گورنمنٹ پرجا پریشد سے سمجھوتہ کے سلئے بات چیت کرنے کے لئے آمادہ ہو گئی ہے۔ یہ تردید درست بھی معلوم ہوتی ہے۔ غالباً یہ افواہیں اسلئے پھیلی تھیں کہ پنڈت جواہر لال نے اپنی ایک تقریر میں جموں کے مسئلے کو اقتصادی مسئلہ قرار دیا تھا۔ اور پارلیمنٹ کے کچھ ذمہ دار ممبروں نے اپنی پرائیویٹ بات چیت میں کہا تھا کہ جموں میں چند دن کے اندر اندر کچھ نہ کچھ سمجھوتہ ہو جائیگا۔

کشمیر گورنمنٹ اور پرجا پریشد میں بات چیت تو ناممکن ہی نظر آتی ہے۔ مگر مجھے معلوم ہوا ہے کہ کشمیر کے لیڈر کشمیر ڈیفنس پر نئے سوالات پر غور کر رہے ہیں۔ ... کشمیر ڈیفنس ... سیلز ٹیکس لگا دیا جائیگا۔ اور ... اس طرح سے لگایا جائے۔ کہ کوئی تاجر ٹیکس ادا نہ کرنے میں کامیاب نہ ہو ... خزانہ میں جائے

29 دسمبر

Police Tear-gas Parishad Demonstrators

Delhi Express 29 Dec.

From Our Correspondent

JAMMU, Dec. 28.

POLICE used tear-gas to disperse processionists. Men and women took out a procession carrying union flag, shouting pro-Indian slogans. The Magistrtae's effort to disperse the crowd proved in vain. Five satyagrahis and three women were arrested.

As a protest, 16 Parishad workers have gone on hunger-strike in Kathua jail.

Nearly 60 Parishad workers are reported to have been removed from Jammu Central Jail to Srinagar Jails. They were convicted in Jammu jail earlier.

Three arrests were made in Udhampur and four in Samba, it is learnt.

(See Also Page 3)

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

سارس کی اُڑان

نکو دیس میں تین رُوحیں

آخری قسط

Page 129

ہم اُڑے جا رہے تھے ماسکو سے پیکن کی طرف کالے کالے پہاڑوں - نیلے نیلے سمندروں - دھرتی پر آہستہ آہستہ سیاہی لکیروں کی طرح رینگتے ہوئے دریاؤں - اور آسمان پر نیلی اُودی اور کالی بدلیوں کو پیچھے چھوڑتے ہوئے یکایک لال پری نے اُڑتے اُڑتے گانا شروع کیا -

پھر اترم کا لچکیلا ڈولے

یہ کوئی نہ جانے کیوں

اکھاں دسے تاں کرے اشارے

منہ تھوں کچھ نہ بولے

یہ کوئی نہ جانے کیوں

اور میں نے پوچھا - "ترم کا لچکیلا ڈولے کا یہ کون سا مقام ہے - سارس تو ہمیں ہر ہر جگہ تمہارے ساتھ اڑا جا رہا ہے ؟"

اور لال پری نے کہا - "ماسکو سے پیکن کی طرف یہ میری آخری اُڑان ہے - بس یہی سمجھ لو کہ رانجھا بابل کا گھر چھوڑ کے گوری ہو گئی آج پرائی لے"

اور ——— ابھی یہ باتیں ہم کر رہے تھے - کہ لال پری نے نیلے نیلے دریاؤں کے درمیان وسیع دھرتی پر پھیلے ہوئے دیہات کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا - یہ ماؤ سی تنگ کا وطن ہے -

کمیونسٹ چین - "

اور سارس نے جواب دیا - میں تو تنہا اس دنیا کی اُڑان نہیں لگاؤں گا - تم سے جدا ہونے کو جی نہیں چاہتا تم یہاں مجھے اکیلے چھوڑ کر غائب تو نہیں ہو جاؤ گی کیا ہم

لال پری ——— نہیں - اب وہ ماسکو والی بات نہیں میں تمہیں ایک منٹ کے لئے بھی نگاہوں سے اوجھل نہیں ہونے دوں گی - میں تنہا لال سورج ہوں - اور اس کے گرد گرد لاکھوں لال ستارے گھومتے ہیں پہلے یہ لال سورج ساکن اور غیر متحرک تھا - لیکن اب اس نے بھی کسی کے گرد گھومنا شروع کر دیا ہے - اور اس کا نام ہے تم تم - تم -

اب ہم - بہت نیچے آ چکے تھے - ہمارے اور زمین کے درمیان کوئی خاص فاصلہ نہ تھا - سارس کو چین کی دھرتی - اس دھرتی کے سینے پر پھیلے ہوئے راستے ان راستوں پر چلنے پھرنے والے انسان اور ان کے گھروندے صاف صاف دکھائی دے رہے تھے

میں نے پوچھا ——— "

یہ گاؤں خاموش سنسان اور ویران ویرانے سے کیوں ہیں - میں بہت کم لوگوں کو راستوں اور گلی کوچوں میں گھومتے پھرتے دیکھ رہا ہوں "

لال پری ———

تم بہت بھولے بھالے پنچھی ہو - تم اتنا بھی نہیں جانتے کہ پانی برسنے سے پہلے ٹھنڈی ہوائیں چلتی ہیں - پھر آسمان پر گھٹائیں منڈلاتی ہیں بجلیاں چمکتی ہیں - اور تب کہیں جا کر مینہ برستا ہے - اسی طرح میرے لال شباب کی بدلی بھی خانہ جنگی کے ساتھ برسنے ... باہمی نفرت ...

گرتی ہیں - اور اس کے بعد میں سے یوں گرتا جائے

میرا لال دو پٹہ ململ کا

او جی - او جی

گاتے گنگناتے دھرتی پر اترتی ہوں

اور ——— جب ایک ہی وطن کے بیٹے قاتل دریاں بن کر اور پاؤں سے دانتوں تک ہتھیاروں سے لیس ہو کر ایک دوسرے کے مقابل ڈٹ جاتے ہیں اور جب انسانی راستوں پر جنگل کے ہاتھیوں کی طرح چنگھاڑتے ہوئے کالے کالے ٹینک آگے بڑھتے ہیں جب فضاؤں میں ٹڈیوں کی طرح اُڑنے والے ہوائی جہاز خوفناک آوازوں کے ساتھ جھپٹ جھپٹ کر بم گراتے ہیں - لہلہاتی کھیتیاں ویران ہو جاتی ہیں - سادہ سے گاؤں اجڑ جاتے ہیں جن گلیوں میں ہنسنے والے نوجوان کے نغمے گونجتے تھے - وہاں انسانی لاشوں پر گدھ جھپٹتے ہیں - جن آنگنوں میں بچے ننھے منے آنکھ مچولی کھیلتے تھے - اور البیلی یوتیاں جہاں چیلوں پہ بیٹھ کر چاند اور ستاروں کے گیت گایا کرتی تھیں وہاں ملبے کے انباروں پر گیدڑ منڈلاتے ہیں چین پر میں ایسے ہی حالات میں وارد ہوئی تھی - بیتیوں کی چیخیں میرے قہقہوں کی کہانی بن گئیں - رانڈوں کی بلبلاہٹ سے میرے لال ترانوں کی تخلیق ہوئی جوان بیٹوں کی لاشوں پر رونے والے بوڑھوں کی بھیگی بھیگی سفید داڑھیوں کے سایہ میں میری شوخیاں جوان ہوئیں - ہر جگہ ایسا ہی ہوا ہے - ہر کہیں ایسا ہی ہو گا ماسکو سے پیکن تک میں ایسے ہی انداز میں ہر جگہ گئی ہوں -

سارس ——— مگر یہ تو بتاؤ - لال گھٹائیں لانے والی نفرت کی آندھیاں کس صحرا سے اٹھتی ہیں

لال پری ——— ان دلوں سے جو صحراؤں کی طرح ویران ہوں - درندگی انسان کی فطرت ہے - وہ ہمیشہ ایک دوسرے پر جھپٹتے رہتے ہیں - لوٹ کھسوٹ اس کی عادت ہے - سرمایہ دارانہ نظام میں وہ مزدور کی محنت پر اپنی عظمت کا محل استوار کرتا ہے - اور کمیونسٹ نظام سے ابھرنے والی جماعت کسانوں - دولتمندوں اور زمینداروں کے

دوسرے لوگوں کی لاشوں پر محل کھڑے کرتی ہے - ایک گروہ محنت کش پسینے کی بیاس بجھا - اور دوسرے کے خون کی ایک ایک بوند سے اور بیکسی بکھری باتوں پر بھروسہ ہے - دوسرے کو لیتول اور ایٹم بم پر - ایک منافع خوری کا دیالو بچاتا ہے - اور دوسرا گولیوں کا - دونوں کے دل صحراؤں کی طرح ویران ہیں اور انہی صحراؤں سے نفرت کی آندھیاں اٹھتی ہیں اور انہی آندھیوں کے جلو میں لال گھٹائیں مچلتی پھرتی ناچتی گاتی - اور گرجتی ہوئی آگے بڑھتی ہیں - جن دلوں میں محبت اور رواداری کے چشمے ابلتے ہیں وہاں قدرتی طور پر مرغزار اور نخلستان اُبھرتے ہیں ہر طرف ہریالی ہی ہریالی پھیل جاتی ہے - یہ ہریالی آندھیاں پیدا نہیں کرتی - یہاں تو خود رو پھولوں سے نسیم بہاری اٹکھیلیاں کرتی ہے - اور فضائیں ہر وقت مہکی مہکی رہتی ہیں -

سارس ——— اور یہ کون لوگ ہیں جنہیں چین کی دھرتی پر گھومتے پھرتے دیکھ رہا ہوں -

لال پری ——— جنہوں نے اونچی اونچی عمارتوں اور گرم چپاتیوں کے لالچ میں اپنے بھائیوں کے خلاف تلوار اٹھائی - یہ فتح یاب لوگ ہیں - ہندوستان نے بڑی مدت سے جنگ نہیں دیکھی - شاید خانہ جنگی کا نام نہیں سنا -

مہابھارت کی جنگ میں اٹھارہ اکشونی سینا کام آئی - اس کے متعلق بھی تو آپ نے یہ سنا ہی ہو گا کہ

اک لکھ پوت سوا لکھ ناطی

تا راون گھر دیا نہ باتی

چین میں بھی یہی کچھ ہوا - اور اگر ہندوستانیوں کے دل مرغزاروں کی بجائے صحراؤں میں تبدیل ہو گئے تو میں وہاں بھی اسی انداز میں اُتروں گی ہندوستان میں ابھی صحراؤں اور مرغزاروں میں جد و جہد ہو رہی ہے - اگر وہاں خود غرضی کے بڑھنے والے ریگستانوں نے مرغزاروں کو نگل لیا تو پھر اس جگہ بھی نفرت کی آندھیاں اٹھیں گی اور چھپا چھپ دیہات پہ ویرانی چھا جائے گی -

سارس یہ سن کر لرز اٹھا اور جو سکا تو ہو نہیں بدن میں

مگر لال پری بولے جا رہی تھی اس نے پورب کی طرف انگلی اٹھاتے ہوئے کہا - دریائے ... کی وادی میں جہاں ٹریکٹر زمین جوت رہے ہیں - خانہ جنگی سے پہلے کتنے ہی چھوٹے چھوٹے شہر اور گاؤں آباد تھے - اور پھر کھنڈروں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا - یہاں خانہ جنگی سے پہلے ایک شہر تھا شریف مہمان نواز اور امن پسند لوگوں کا شہر "

اور ——— سارس نے گھبرا کر کہا - میں نے جو کچھ دیکھنا تھا دیکھ چکا - اب بھارت کا رُخ کرو ... اور دوسری

جوہر پانی پتی

کمیونزم اور ترنگی سیاست

تمہاری خُو ہے شرارت فساد دنگوں کی
سمجھ سکو گے سیاست نہ تین رنگوں کی

یہ تین رنگ بیاں کر رہے ہیں تاویلیں
وطن پرست کے جذبات کی ترنگوں کی

یہ سرخ سرخ پھریروں کی آڑ میں کیا ہے
ہمیں خبر ہے تمہارے تمام رنگوں کی

اچھل رہے ہو سٹالن کے چند ٹکڑوں پر
بڑھائے جاتے ہو تعداد بھیک منگوں کی

ہے تم کو فخر تمہارا ہے نام درج اس میں
بنائی روس نے فہرست جو بھی ننگوں کی

وطن پرست ہی دنیا میں نام پائیں گے
مٹا دی جائے گی ہستی مگر لفنگوں کی

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

6. Page.

THE UNIVERSAL PRESS SERVICE,
MADRAS-2, INDIA.

Clipping No. 19

Subscriber No..................

Name of Newspaper/Periodical Bombay Chronicle.

Published at: Bay.

Dated 15/7/52 Page 2 Column No. 4.5.

Kashmir Newsletter:

Jammu Leader Seeks Integration Of State With India

(From Our Correspondent)

JAMMU, July 13: "We want Jammu to be integrated with rest of India not because there is a majority of Hindus but because India is a republic where rights of every section of people irrespective of religion are quite safe and under its Constitution everybody enjoys full freedom unlike our State where even difference of opinion invites so many troubles", said Pandit Premnath Dogra.

Mr. Dogra President, All Jammu and Kashmir Praja Parishad was adressing a mammoth public mmeting on July 10 at village Kaluchak, 10 miles from here there being a ban on public meetings in Jammu city and within its 8 miles' radius.

Pandit Dogra added: "We are fighting a constitutional battle but if our demands as embodied in the memorandum submitted to the President of India recently, are not accepted, we shall have to follow other methods for which the masses should be ready."

Pandit Dogra concluded, "The Dogras are proud that Maharaja Gulab Singh brought about the consolidation of different regions making the State what it is today. We have now handed over this trust to India whose duty it is to protect and maintain this."

The Jammu and Kashmir Government has under State Defence Rules banned the printing, publication, sale or distribution of a picture styled "Shakti Darshan" in the State.

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

THE UNIVERSAL PRESS SERVICE,
MADRAS-2, INDIA.
Subscriber No.............. Clipping No. 17
Name of Newspaper/Periodical Free press journal.
Published at: Bombay.
Dated 25/7/52 Page 1 Column No. 4

Kashmir Is In India

NEW DELHI, July 24.

Shri Jawaharlal Nehru declared amidst cheers in the House of the People today: "The accession of Kashmir to India is complete in law and in fact. Jammu and Kashmir State is a constituent unit of India like any other. It is part of the territory of India. The people of Jammu and Kashmir are citizens of India like any other. The fact that the subjects in regard to Jammu and Kashmir State has acceded are less than those applying to other States, produces a misunderstanding as if there was partial accession. That is not so. It is quite complete. In fact, all the States acceded in regard to these three subjects to begin with. It may be that we may have more subjects later, but we are proceeding, and we propose to proceed, always in such matters with the consent of the other party concerned."

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

۲۶ جنوری کو پرجا پریشد والوں ...

(کشمیر سرکار کا اعلان)

جوڑیاں میں پولیس کی گولی سے چار آدمی ہلاک ہوگئے

جموں اور اکھنور کی تحصیلوں میں لاقانونی جاری ہے

[illegible]

نئی دہلی یکم فروری کشمیر نے ایک سرکاری اعلان میں بتایا گیا ہے کہ جموں اور اکھنور کی تحصیلوں میں پرجا پریشد کی تحریک تشدد کی صورت اختیار کر گئی ہے اس اعلان میں تشدد آمیز واقعات کی تفصیل بتائی گئی ہے ... [illegible]

[illegible]

تحصیلات جموں و اکھنور میں سرکاری مشینری

(کشمیر سرکار کے پریس نوٹ کی تفاصیل)

مخالفین کا منہ کالا کرنے اور پرجا پریشد کے نعرے لگانے پر مجبور کیا گیا

لوگوں کو مالیہ ادا نہ کرنے کی ترغیب۔ ایک جگہ پولیس سپاہیوں کو رات بھر محبوس رکھا گیا

نئی دہلی یکم فروری۔ جموں میں پرجا پریشد کی منظم غنڈہ گردی کے متعلق یہاں کشمیر بیورو آف انفارمیشن نے ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ پچھلے دنوں سے تحصیل جموں اور اکھنور کے کچھ حصوں میں سخت تشدد جاری ہے اور لاقانونیت پھیلی ہوئی ہے۔ اس تشدد اور غنڈہ گردی کا ایک خاص پہلو یہ ہے کہ منظم غنڈہ گردی کی جا رہی ہے کہ سرکاری مشینری معطل ہو جائے۔ عوامی نمائندہ کے اداروں کو زبردستی بند کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ اس کام کے لئے علاقہ کے مشہور بدمعاشوں کو جن میں سابقہ سزا یافتہ اور عادی مجرمین بھی شامل ہیں استعمال کیا جا رہا ہے

... جنوری کو جموں کی ایک اہم بستی ... میں تقریباً تین سو اشخاص کے ایک مشتعل ہجوم نے گورنمنٹ سکول پر حملہ کیا اس وقت ہیڈ ماسٹر رام سرن آٹھویں جماعت کو پڑھا رہا تھا۔ ہجوم میں سے ایک ... نے اس کو ... [illegible]

[illegible]

... کو مزید سہولیات دینے سے انکار کر دیا

... مشورہ رد۔ ناگپور میں تقریر؟

... کانگریس کارکنوں کے جلسہ میں ... ہوگئی ہے۔ اس نے ہم ریلوے مسافروں کو مزید ... کہ کوئی ٹکٹ چارج نہ کی جائے ... [illegible]

... گیا ہے۔ ان میں شری کرن سنگھ کا نام نہیں ہے۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ اس کانفرنس راج پرمکھ نظام حیدرآباد شامل نہیں ہوئے

... جنرل سکریٹری بھارتیہ جن سنگھ کا بیان

... آئندہ اقدام کا فیصلہ کیا جائے گا

... بھارتیہ جن سنگھ نے حسب ذیل بیان آج کے مظاہرہ کے بارے میں جاری کیا ... کے خلاف کیا گیا ... مظاہرہ کے وقت پہلے کی طرح ... [illegible]

ہیرا نگر کے شہیدوں کی ...

... جگرا میں بھی جلوس ...

... ۳۱ جنوری ... جگرا میں بھارتیہ جن سنگھ کے زیر اہتمام ... ہلاک ہونے والے ... [illegible]

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

[illegible]

...پیل تحصیلدار اور مسٹر ... پال ... ہجوں کے بیچ ہسپتال میں انتقال اور ہجوم کے مقابلے میں گیرد زمیندار نے فوراً مالیہ ادا کرنے کا فیصلہ کیا۔ لیکن اتنے میں ہی گیانیو اور منسراد غیرہ دیہات سے تقریباً سات سو اشخاص کے ہجوم نے جس میں عورتیں بھی تھیں اُن کے کیمپ کو آ کر گھیر لیا۔ پرجا پریشد کے نعرے لگائے اور لوگوں سے کہا کہ وہ تحصیلدار کے سامنے پیش نہ ہوں۔ اس کے بعد انہوں نے تحصیلدار کو پکڑ کر اُس کا منہ کالا کر دیا اور اُسے پیٹا۔ ہجوم میں سے بھیج رام اور کرم چند نے اُس کا تہبند اور تولیہ چھین لیا

۲۶ جنوری کو بھی غنڈہ گردی

۲۶ جنوری کو سپرنٹنڈنٹ پولیس مسٹر کول جموں شہر کے چوک میں ڈیوٹی پر تھے کہ گندم منڈی سے ایک ہزار کا ہجوم وہاں پہنچا اور یونین کا جھنڈا لہرانے کا اور میٹنگ کرنے کا اعلان کیا۔ مسٹر کول نے انہیں جھنڈا لہرانے کی تو اجازت دے دی۔ لیکن میٹنگ کے لئے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ سے اجازت لینے کو کہا لیکن جھنڈا لہرانے کے بعد ایک ملدلیہ نامی شخص تیل کے خالی ڈھول پر کھڑا ہو گیا اور پریشد کے نعرے لگانے لگا۔ جب وہ تقریر کرنے لگا تھا تو اُسے سپرنٹنڈنٹ پولیس نے اُتار لیا۔ اس پر ہجوم نے پولیس پر پتھر پھینکنے شروع کر دیئے۔ اتنے میں ریونیو منسٹر ڈپٹی ریونیو منسٹر اور ڈپٹی فنانس منسٹر کی کاریں ادھر آ نکلیں۔ ہجوم نے اُن پر بھی پتھر پھینکے۔ ریونیو منسٹر کی کار ایک جگہ اوپر سے ٹوٹ گئی۔ ڈپٹی ریونیو منسٹر کا ڈرائیور سخت مجروح ہوا۔ ہجوم نے پتھر پھینکتے ہوئے کاروں کا تھانہ تک تعاقب کیا۔ تھانے کے نزدیک جیون سنگھ۔ کھدر بھنڈار کا مسٹر سوشیل کمار بھی ہجوم کی خشت باری سے مجروح ہوا۔ ۲۴ جنوری کو تحصیل بہیروں کے موضع گام ناس کی سرکاری ڈسپنسری کے وید بدری ناتھ کو پرائج کو جو سرار کے مشتعل ہجوم نے کام کرتے وقت پکڑ کر گھسیٹ کر مقامی سکول کے احاطہ میں لے گیا۔ وہاں منیدر تھن اندر سکول کے تمام ٹیچر پکڑ لئے گئے۔ پٹواری اور ہیڈ ماسٹر کو پریشد کے نعرے لگانے پہ مجبور کیا گیا تب وید کو ایک پیپل کے نیچے کھڑا کیا گیا اور پریشد کے نعرے لگانے کے لئے دھمکایا گیا۔ پہلے تو اس نے مزاحمت کی لیکن آخر پرجا پریشد زندہ باد کے نعرے لگائے۔ تب اُسے دھکے دئیے گئے۔ آقا منہاس کی بیوی نے اس کا منہ کالا کیا۔ ہجوم نے تین گھنٹہ سے زیر حراست رکھنا ... سے دھمکی دی کہ اگر اُس نے ڈسپنسری کھولی تو ... کی خیر نہیں۔

ایڈیٹوریل

نہرو اور جموں کا ستیہ آگرہ

[illegible]

प्रजा परिषद के जलूस पर पुनः अश्रु गैस का प्रयोग

(टाइम्स आफ इंडिया न्यूज सर्विस)

जम्मू, १ फरवरी। एक सरकारी विज्ञप्ति के अनुसार जौरिया में प्रजा-परिषद के एक और जलूस पर अश्रुगैस छोड़ी गई। गत शुक्रवार को यहां पुलिस की गोली वर्षा में ४ व्यक्ति मारे गए थे तथा २ घायल हो गए थे।

आज जम्मू अखनूर तथा काठआ में गोलीकांड के विरोध में हड़ताल रही। बाशोली में दो फरार कार्यकर्त्ता गिरफ्तार कर लिए गए।

टांडा में अश्रुगैस

प्रेस ट्रस्ट के अनुसार अखनूर के समीप पुलिस ने एक हजार व्यक्तियों की एक भीड़ को तितर बितर करने के लिए अश्रु गैस चलाई। भीड़ एक माल अफसर को लगान वसूल करने से रोक रही थी।

कश्मीर सरकार जनसंघ से मान्यता देने को तैयार नहीं

जम्मू, १ फरवरी। जम्मू तथा कश्मीर सरकार के विकास मंत्री श्री शामलाल सराफ ने कल यहां कहा कि कश्मीर सरकार किसी भी हालत में भारतीन जन संघ व हिन्दू महासभा को मान्यता देने या उनके प्रतिनिधियों को प्रजापरिषद के आन्दोलन की जांच के लिए काश्मीर में घुसने देने के लिए तैयार

जम्मू में लगान बंद

टोडा में प्रजापरिषद पुलिस को अश्रु गैस

जम्मू, १ फरवरी। अखनूर के पास टोडा में पुलिस ने अश्रुगैस का प्रयोग किया ताकि एक हजार से अधिक प्रदर्शनकारियों को तितर-बितर किया जा सके जो एक जेलदार को लगान वसूल करने से रोक रहे थे।

जम्मूनगर और जम्मू प्रांत के कुछ गांवों में आज जौड़ियान में गत शुक्रवार को पुलिस द्वारा चलाई गई गोली के विरुद्ध हड़ताल की गई। इस गोलीकाण्ड से चार व्यक्तियों के मरने की खबर प्राप्त हुई थी।

SECTION 144 IN NEW DELHI

DEMONSTRATION ON JAMMU FIRING

By A Staff Reporter

Meetings and processions have been banned in New Delhi for 15 days under Section 144 CrPC. The order was promulgated on Sunday afternoon when the Additional District Magistrate, Mr H. S. Dhillon, accompanied by a strong police force, asked about 1,000 Jana Sangh demonstrators to disperse.

The demonstrators, carrying black flags, were shouting slogans against Mr Nehru and Sheikh Abdullah's administration in Kashmir. They were protesting against the recent firing on a Parishad mob at Jourian, near Jammu.

The processionists were stopped at Scindia House in New Delhi, but some of them found their way to Prithviraj Road. Before they reached the Kashmir Trade Commissioner's office the ADM told them that Section 144 had been enforced. On the advice of a Jana Sangh leader, the demonstrators dispersed.

PROTEST HARTAL IN JAMMU

From Our Correspondent

JAMMU, Feb 1.—A Parishad procession was tear-gassed today at Jourian, where four men were killed and two injured on Friday in police firing, it was officially learnt. One of the injured men died today.

A hartal was observed today in Jammu, Akhnoor, and Kathua in protest against the firing. Processions were taken out at Basholi and [illegible]ranagar.

Police Disperse Procession In New Delhi

JAN SANGH PROTEST AGAINST FIRING IN JAMMU VILLAGE

THE police on Sunday dispersed a procession which was organised by the Jan Sangh in New Delhi as a protest against the police firing at Jourian in Jammu and Kashmir State.

The procession, consisting of over 1,000 persons, started from the Regal Park in the afternoon but was stopped near Scindia House by police officers who announced the District Magistrate's order under Section 144, Criminal Procedure Code, banning processions in the municipal limits of New Delhi.

Nearly 200 of the processionists, however, managed to reach Prithviraj Road individually in accordance with their plan to hold a black-flag demonstration in front of Kashmir Government offices. They were informed by the Additional District Magistrate, Mr. H. S. Dhillon, who headed a force of over 500 policemen that the order applied to meetings as well as processions. Mr. Mauli Chander Sharma, thereupon, told his followers to disperse as "your leaders have not yet decided to break the law." Despite his advice, however, a section of the crowd continued to shout slogans. Quiet was, however, restored by the leaders of the demonstrators who accompanied by a police escort made their way back.

The ban on meetings and processions within the municipal limits of New Delhi, Mr. Dhillon said, would be in force for 15 days.

Later in the evening, a number of public meetings were organised by the Jan Sangh in Old Delhi where speakers severely condemned the Kashmir Government's action in resorting to firing on Praja Parishad crowds and criticised the District Magistrate for stopping the Jan Sangh procession.

The Secretary of the Delhi Pradesh Jan Sangh, Mr. Kanwar Lal Gupta, said in a statement that the procession was a "token of resentment of the people of Delhi against the atrocities and totalitarian attitude of the Kashmir Government."

The Jan Sangh, he said, doubted very much the allegations of goondaism and violence made by the Kashmir Government against Praja Parishad. This, the statement added, was proved

...eshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized b...

The Jan Sangh, he said, doubted very much the allegations of goondaism and violence made by the Kashmir Government against Praja Parishad volunteers. This, the statement added, was proved by the fact that the Government was unable to cite a single instance of any person in authority having been injured seriously. The reply to the protests of the people against charges of totalitarianism and maladministration, the statement said, should not be "bullets but an impartial inquiry by a Supreme Court Judge into the atrocities and mass killings of the State people."

Mob Tear-Gassed

"The Times of India" News Service

JAMMU, February 1: According to an official version another Parishad procession was tear-gassed today at Jourian, where four men were killed and two injured on Friday in the police firing on a Parishad mob. One of the two injured also died today.

Hartal was observed today in Jammu, Akhnoor and Kathua as a protest against the Jourian firing. Processions were organised at Basholi and Hiranagar. Two underground workers were arrested at Basholi. The police used tear gas at Tanda, near Akhnoor today to disperse over a thousand demonstrators who were trying to prevent a local zaildar (revenue official) from collecting land revenue, adds the *P.T.I.*

Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized

دیر بھارت 3 فروری

روزنامہ دیر بھارت امرتسر

عبداللہ گورنمنٹ جموں کے متعلق اہم وائٹ پیپر شائع کریگی - بھارت کیساتھ مالی الحاق کا اعلان بھی ہوگا

بھارت سرکار کے ساتھ مشورہ

پرجا پریشد پر قابو پانے کیلئے ہندوستانی فوج سے مدد لی جائیگی

اکھنور میں ہڑتال۔ تین ہزار ہندوستانی ڈوگرے بھی ستیہ گرہ کریں گے

جالندھر یکم فروری :- جموں سے آمدہ خبروں سے پتہ چلتا ہے۔ کہ حکومت جموں و کشمیر بہت جلد جموں کے حالات کے متعلق ایک وائٹ پیپر جاری کررہی ہے۔ تاکہ پارلیمنٹ کے آئندہ اجلاس کے سامنے ساری صورت سے پبلک کو مطلع کیا جا سکے۔ وائٹ پیپر میں شیخ عبداللہ پیکٹ سے سٹیٹ میں لاگو کئے جانے کی تفصیل بھی درج ہوگی معلوم ہوا ہے کہ حکومت کشمیر بھارت سرکار سے مشورہ کیساتھ یہ قدم اٹھا رہی ہے۔ وائٹ پیپر میں جو اہم ... شامل ہیں ... کارگزاری کے لئے ملازمت ... جموں میں عوام کا معیار زندگی بلند کرنے کے لئے ... اس سلسلہ میں ریاست کے سیکولرازم کی پالیسی اور فرقہ وارانہ جماعتوں کے خلاف ... کا بھی اظہار کیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں ایک اہم اعلان بھی کیا جائیگا کہ مالی طور سے جموں ریاست کو بھارت کیساتھ شامل کردیا جائیگا۔

شہری اشتراکی ... ایک ممتاز جماعت کے مالک نے ایک بیان میں بتایا ہے کہ جموں میں ستیہ گرہ کرنے کے لئے تین ہزار ڈوگرہ ... جو بھارت میں رہتے ہیں اپنے نام پیش کردیئے ہیں۔ اگر ضرورت پڑی تو یہ ڈوگرے ... ریاست کی حدود میں داخل ہونگے۔

بخبر سرکاری ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ کشمیر سرکار صوبہ جموں کے حالات پر قابو پانے کے لئے ہندوستانی فوج کی امداد حاصل کرے گی ایک سرکاری ترجمان نے انکشاف کیا۔ کہ کل کٹھوعہ سے ۹ اشخاص کو گرفتار کیا گیا۔ ان لوگوں کا تعلق ایک جلسہ ہجوم سے تھا۔ جنہوں نے ایک پولیس سٹیشن پر حملہ کیا۔ اور تین گرفتار شدہ پرجا پریشد ورکروں کو رہا کرا لیا۔ علاوہ ازیں کچھ پولیس افسروں کو زخمی بھی کیا۔ آج اکھنور میں جوڑیاں کی فائرنگ کے خلاف مکمل ہڑتال کی گئی۔ آج کٹھوعہ میں پانچ سو اشخاص کے ایک جلوس کو پولیس نے منتشر کردیا۔ پرجا پریشد کے ترجمان کا بیان ہے کہ جوڑیاں میں جو فائرنگ ہوئی اس کے نتیجہ کے طور پر کئی اشخاص زخمی یا ہلاک ہوگئے۔

جموں میں کسٹم (بقیہ صفحہ ۱۰)

... پرامن اثر پڑے گا۔ اس قسم کا انتظام صرف اسی وقت قابل قبول ہوگا ... شروع ہو جائیگا ... متعلق ہے۔

تقریر کے وقت فرقہ پرستوں نے سٹیج پر حملہ کردیا

امرتسر کانگرس کے سیکرٹری کا بیان

... شری شام لال صراف وزیر ترقیات جموں و کشمیر کی تقریر کے دوران جو ... دوسرے پر غنڈہ گردی کا الزام لگایا جارہا ہے۔ ڈسٹرکٹ کانگرس کمیٹی ... کے متعلق ایک بیان جاری کیا ہے جس میں وہ لکھتے ہیں کہ ۳۰ جنوری ... کے لئے شرادھ ... میں جو جلسہ ہوا اس میں ... شام لال صراف وزیر جموں و کشمیر تقریر کرنے کے لئے کھڑے ہوئے ہی تھے ... کے نعرے لگانے شروع کردیئے۔ اور اس ... کانگرس ورکر زخمی ہوئے۔ یہ واقعہ شہری زندگی میں نہایت ہی شرمناک ... پرجا پریشد والوں کے کتنے ہی جلسے ہوئے ہیں جن میں ... اپنی تقریروں میں کانگرس اور پنڈت جواہر لال نہرو کو کوستے رہے ہیں ...

جموں میں ہنگامی حالات کا اعلان

جوڑیاں (جموں) پولیس فائرنگ کی غیر جانبدارانہ تحقیقات

پرجا پریشد دہلی کمیشن کی طرف سے راشٹرپتی ڈاکٹر ...

جالندھر یکم فروری - پرجا پریشد دہلی کمیشن کی طرف سے راشٹرپتی ڈاکٹر راجندر پرشاد ... بڑے بڑے لیڈروں کے نام ایک تار ارسال کیا گیا ہے۔ جس میں کہا گیا ہے۔ کہ جوڑیاں میں پولیس نے اس ... ظالمانہ فائرنگ کی۔ جس سے بہت زیادہ اشخاص ہلاک ہوئے۔ گورنمنٹ کے اعداد و شمار ... لاشیں ... باقی ... کرکے دریا میں بہادی گئیں۔ تار میں اس فائرنگ کے متعلق غیر جانبدارانہ ... کیا گیا ہے۔ اس سے قبل ایک تار ... کی طرف بھیجا ... اور اپوزیشن لیڈروں کو دیا گیا تھا۔ جس میں کہا گیا ہے کہ ... عبداللہ گورنمنٹ کی پاکستانی ذہنیت کے ... فرقہ وارانہ فسادات کرانے کی کوشش کررہے ہیں۔ پولیس ... بے رحمانہ لاٹھی چارج کیا جس سے ۱۸ آدمی سخت زخمی حالت میں ہسپتال میں داخل کئے گئے ... پرجا پریشد کے صدر ... کی حالت نازک ہے۔ حالات تشویشناک صورت اختیار کرگئے ہیں۔

... کشمیر سرکار انڈین آرمی کی مدد لیگی

... اکھنور میں مکمل ہڑتال

... صورت حالات کا مقابلہ کرنے کے لئے ہندوستانی فوج کی امداد حاصل کرے گی۔ لیکن ابھی سرکاری طور پر اس اطلاع کی تصدیق نہیں ہوسکی۔ ایک سرکاری ترجمان نے بتایا کہ کل کٹھوعہ میں ۹ گرفتاریاں عمل میں لائی گئیں۔ انہیں پولیس سٹیشن پر حملہ کرتے ... افسروں کو زخمی کرنے کے الزام میں گرفتار کیا گیا ہے۔ جوڑیاں میں فائرنگ کے خلاف ... مکمل ہڑتال کی گئی آج کٹھوعہ میں پولیس کی آمد پر ۵۰۰ اشخاص پر مشتمل ایک جلوس منتشر ہوگیا ... کل جوڑیاں میں فائرنگ سے بہت سے اشخاص ہلاک و زخمی ہوئے ہیں۔

بمبئی یکم فروری - اطلاع ملی ہے۔ کہ بمبئی سٹیٹ اسمبلی کا بجٹ اجلاس ۱۶ فروری کو شروع ہوگا۔ اجلاس کا افتتاح بمبئی کے گورنر اپنے بھاشن سے کریں گے۔ اجلاس دو ماہ تک جاری رہے گا ... گورنر اسمبلی اور کونسل کے مشترکہ اجلاس میں تقریر کریں گے۔

امرتسر میں پرجا پریشد کا ...

دونوں جلسوں میں ... پارٹی

امرتسر یکم فروری - ... ہندو مہاسبھا - بھارتیہ جن سنگھ ... گیا۔ جہاں ایک دن پیشتر ... نے تقریر کی تھی - آج کے جلسہ ... ماسٹر تارا سنگھ نے تقریریں کیں ... دوسرا جلسہ گول باغ میں کانگرس ... گوبند سہائے سابق پارلیمنٹری سیکرٹری یوپی ... لیڈر شیخ محمد شفیع نے تقریریں کیں۔ ان دونوں نے پرجا پریشد کی تحریک کی مذمت کی اور کہا کہ اس تحریک کے ... کے ہاتھ مضبوط ہوتے ہیں۔

... متعلق عناصر سے ... امریکیوں سے ... یہ خوف ضرور ہے کہ وہ ... کرنے والے عناصر کی مدد ... اخبار ... امریکن ... کو داخل کرنے کا الزام ...

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

फरवरी 1953

३

दोलन जमींदारों
ोलन है'

शिकायतें दूर करे

जालंधर, ३ फरवरी। भारत की कम्युनिस्ट पार्टी की पंजाब प्रान्तीय कमेटी ने कल एक सभा में एक प्रस्ताव पास कर कहा कि जम्मू में प्रजापरिषद का आन्दोलन "प्रतिक्रियावादी उद्देश्यों के लिए प्रतिक्रियावादी जमींदारों का आन्दोलन है।"

प्रस्ताव में पंजाब और पेप्सू की प्रजातंत्री शक्तियों से एक होकर प्रजापरिषद के इस भयंकर खेल के विरुद्ध लड़ने के लिए कहा गया। प्रस्ताव में कहा गया कि यह खेल जिसे हिन्दू महासभा और जनसंघ और अकाली नेताओं का समर्थन प्राप्त है, राजप्रमुखों और भारत के अन्य सामन्ती तत्वों के हित में तथा काश्मीर का विभाजन करने की आंग्ल-अमरीकी चाल को आसान बनाने वाला है।

कमेटी ने अपनी सब शाखाओं को आदेश दिया कि वे १५ फरवरी को "जम्मू काश्मीर दिवस" मनाएं।

प्रस्ताव में कहा गया कि प्रजा परिषद् "भारत में पूर्ण विलय या काश्मीर का विभाजन" का नारा लगा कर जम्मू और काश्मीर तथा भारत के लोगों की एकता भंग करने के लिए बड़ा आन्दोलन चला रही है।

उनकी मांग देशभक्तिपूर्ण जान पड़ती है परन्तु उसका राजनीतिक अर्थ यह है कि काश्मीर के भूमि सुधारों को खत्म करने के लिए पुनः महाराजा हरि-को राजप्रमुख बना दिया जाय।

प्रस्ताव में कहा गया कि प्रतिक्रियावादी जमींदार भूमिसुधारों के कारण असन्तुष्ट किसानों और रियासती सेना के भारतीय सेना में विलय के कारण बेकार हो गये असन्तुष्ट सिपाहियों का इस्तेमाल कर रहे हैं।

प्रस्ताव में कहा गया, कमेटी यह महसूस करती है कि इस आन्दोलन का सामना लोगों के विरुद्ध दबाव के कदम उठाकर नहीं किया जा सकता। उसने जम्मू और काश्मीर सरकार तथा भारत सरकार से कहा कि वह लोगों की शिकायतें दूर करने के लिए कदम उठाये।

बुलन्दशहर

KASHMIR SOLUTION IN LINE WITH BASIC PRINCIPLES

Bajpai Re-affirms India's Stand

GENEVA, February 3.—Mr. Girja Shanker Bajpai, leader of the Indian delegation to the Kashmir talks which open here tomorrow, told reporters to-day that the Indian Government was "anxious and earnest in their desire to reach a settlement of the Kashmir dispute, but any solution must be in line with their basic principles."

Mr. Bajpai said, he brought no new proposals and that the conversations which will be held between himself and Sir Zafrullah Khan, Pakistan Foreign Minister, under the auspices of United Nations Kashmir Mediator, Dr. Frank Graham, would be based on the United Nations resolutions of August, 1948, and January, 1949, which call for the demilitarisation of the area and the holding of a plebiscite.—Reuter.

Tribune Ambala 4 Feb.

پرجا پریشد سے سمجھوتہ کی بات چیت

ماسٹر جی شیرومنی اکالی دل کے ممبر ہیں یہ نہیں
کہہ سکتا کہ بھارت سرکار کو اس کانفرنس کے اصول سے
متفق ہوگی یا نہیں۔ ہاں ابھی یہ بات چیت ابتدائی
نوعیت کی ہے اور ایک دوسرے کے نقطۂ نگاہ
اور نظریہ کو سمجھنے کے لئے ہے۔ کیپٹن کیشپ چندر
نے مزید بتایا کہ ڈاکٹر کا مجھے ان سے بھائی
اور جن سنگھی لیڈروں کے نظریات پوری توجہ سے
سنے۔ اور اس سے پہلے کہ ان کی لیڈروں سے
مزید بات چیت ہو۔ ڈاکٹر کا جو پنڈت نہرو
اور شیخ عبداللہ سے ملاقات کرکے تبادلۂ خیالات
کریں گے۔ شری شام لال صراف وزیر صحت و
ترقیات جموں و کشمیر نے یہاں یہ انکشاف
کیا تھا کہ ان کی شیخ عبداللہ سے سابقہ بات چیت
میں ڈاکٹر شیاما پرشاد مکرجی اور شری این سی چٹرجی
نے شیخ عبداللہ کے دلائل کی معقولیت کا احساس
کیا تھا اور ایک ہم میں اس امر واقعہ کی تصدیق
بھی کی تھی۔

Police Open Fire On Parishad Mob: 4 Killed

Tribune 4 Feb.

(From Our Own Correspondent)

JAMMU, Jan. 31.—Four persons were killed and two injured last evening in a police firing on a Parishad mob at Jourian town in Tehsil Akhnoor, about 30 miles from Jammu.

A Government Press Note issued here stated that the processionists in spite of being warned did not disperse and pelted stones at police and authorities on the spot, resulting in injuries to some policemen. Thereupon the procession was 'lathi' charged but it did not disperse.

The Press Note added: The mob made a determined attack and tried to grapple with the small police force on duty. The Magistrate then ordered the use of tear gas. At this stage, finding that the police force was in the imminent danger of being overpowered by a mob and that lives of officers were in grave danger the Magistrate ordered fire to be opened in the air. A few rounds were fired in air but the mob showed no signs of dispersing whereupon fire was ordered to be opened more effectively." Amongst the senior officers who were present on the spot were Sardar Prithvi Nandan Singh, State's Inspector General of Police, Kanwar Narindra Singh, Deputy Commissioner, Jammu, and Brigadier Billimoria, Commandant, State Militia.

A Government spokesman told pressmen here today "that for about 10 days condition of grave lawlessness had prevailed in parts of Jammu Tehsil and Akhnoor Tehsil of Jammu district. He added that the worst feature of this was that it was aimed not only against police or magistracy but even schools and dispensaries had been attacked and made inoperative and normal life had been hindered.

He said that the doctor at a dispensary was assaulted and made to shout pro-Parishad slogans and his dispensary was

اکالی لیڈر ریاست

Sub-Ju

495B

IN the Court of
quire, Distt. Ju
Misc: Civil Case
Ishwar Singh
Singh, Secretary
Moga.

Vers

1. Shrimati D
L. Rattan Ch

ریاست جموں و کشمیر میں بھومی سدھار بحال لیا اور ضروری اشیا پر کنٹرول کی صورت حالات

حکومت نے جائزہ لینے کیلئے چیف جسٹس کی صدارت میں کمیٹی مقرر کر دی

نئی دہلی ۲ فروری۔ جموں و کشمیر گورنمنٹ نے ایک کمیٹی از مسٹر جسٹس جانکی ناتھ وزیر چیف جسٹس ہائیکورٹ جموں و کشمیر، خواجہ علی شاہ ڈیویژنل کمشنر، ڈاکٹر بریم سنگھ پٹھانیہ چیف کنزرویٹر جنگلات اور پیرزادہ غلام احمد اکاؤنٹنٹ جنرل پر مشتمل بنا دی گئی ہے جو کہ ریاست کے علاوہ کنڈی میں زمینی اصلاحات کی رفتار (۲) ریاست میں اشیاء کے کنٹرول اور نرخوں کی صورت حالات۔ ریاست میں شرنارتھیوں کی بحالی کے کام (۴) ریاست کے سابق ذمیوں کی بحالی کے بارے میں رپورٹ پیش کرے گی۔ مسٹر جسٹس وزیر اس کمیٹی کے صدر ہوں گے اور پنڈت [illegible] سیکریٹری بنائے گئے۔ کمیٹی کی رپورٹ دو ماہ کے اندر اندر حکومت کو مل جائے گی۔ کمیٹی سب سے پہلے جموں کے مسائل کے حل کے ذرائع تجویز کرے گی۔ اس کمیٹی کے تقرر کا خاص مقصد یہ ہے کہ ریاستی سرکار کو جو اس وقت اہم مسائل درپیش ہیں ان کو کم از کم وقت میں بخیر و خوبی حل کر لیا جائے۔ سب سے اہم مسئلہ بھومی سدھار کا ہے جو حکومت کی توجہ کا مرکز بنا ہوا

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

پرجا پریشد گیسا سمجھوتہ کیلئے پنڈت نہرو اور شیخ عبداللہ میں بات چیت شروع — ڈاکٹر مکرجی سے بھی مشورہ کیا جائے گا

شیخ عبداللہ مدراس جا کر شری گوپال سوامی آئینگر سے بھی ملینگے — بخشی غلام محمد سمجھوتہ کے حق میں — ۲ غیر جانبدار لیڈروں کو بلانیکی تجویز

16 جنوری

حیدرآباد ۱۵ جنوری جموں پرجا پریشد کی ایجی ٹیشن کے جھگڑے میں سمجھوتہ کے سلسلہ میں پنڈت نہرو اور شیخ عبداللہ نے بعض ٹھوس تجاویز پر غور کیا ہے جن کی تفصیل صیغہ راز میں رکھی گئی ہے "ہسٹیٹسمین" کا بیان ہے کہ شیخ عبداللہ جو پنڈت نہرو کیساتھ یہاں پہنچے ہیں۔ آئندہ ہفتے معاملات کشمیر کے وزیر شری گوپال سوامی آئینگر سے ملیں گے۔ ان کی مدراس یاترا کا مقصد ڈیفنس منسٹر سے ملنا ہے جو مسئلہ کشمیر کے آئینی پہلو پر کسی دوسرے بھارتیہ وزیر کی نسبت زیادہ مستند رائے دے سکتے ہیں۔ اس بات چیت سے جو پردھان منتری کی دہلی میں واپسی کے بعد بھی جاری رہے گی۔ ظاہر ہوتا ہے کہ جموں کا سوال حل کرنے کیلئے سخت کوشش کی جائے گی۔ اگرچہ ڈاکٹر شیام پرشاد مکرجی کی یہ تجویز منظور نہیں کی گئی کہ جموں کے سوال پر تمام پارٹیوں کی گول میز کانفرنس بلائی جائے لیکن نہرو عبداللہ اور آئینگر کی بات چیت میں ڈاکٹر مکرجی اور شری این سی چیٹرجی کی شمولیت بھی خارج از بحث نہیں۔ اسکے برعکس جموں کی خبروں سے پتہ چلتا ہے کہ عبداللہ گورنمنٹ پرجا پریشد کی سات ہفتے لمبی جدوجہد کے باوجود بھی ریاست کے اندر یا باہر کسی پولیٹیکل پارٹی سے بات چیت کرنے کو تیار نہیں۔ اور اس نے اس ایجی ٹیشن کو جسے وہ لاقانونی کہتی ہے کچلنے کا تہیہ کر رکھا ہے۔ ... سختی (د صفحہ ۵ پر)

ہیرا نگر میں ہڑتال کا چوتھا روز

کٹھوعہ میں بھی جلوس نکالا

جموں ۱۵ جنوری۔ یہاں سے ۴۲ میل دور مقبوضہ کٹھوعہ میں پرجا پریشد کے رضاکاروں نے جلوس نکالا مگر کوئی گرفتاری نہ کی گئی۔ گذشتہ اتوار کو ہیرا نگر میں بخشی غلام محمد کے جلسہ میں ہونے والی فائرنگ کے خلاف پروٹسٹ کے طور پر ہیرا نگر میں گذشتہ چار روز سے ہڑتال جاری ہے۔

ہند سماچار ۱۷ جنوری

پرجا پریشد کے ساتھ سمجھوتہ (بقیہ صفحہ ۱)

سے دبانے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ دوسری طرف پرجا پریشد کے حلقوں نے شیخ صاحب کی تازہ تقریر کو اپنے لئے ایک چیلنج تصور کیا ہے اور صوبہ جموں میں کسی جگہ انکی ایک خفیہ میٹنگ ہوئی ہے جس میں تحریک کو تیز کرنے کی تدابیر اختیار کی جائیں گی۔ بر ملا ایک تیسرا فریق جس میں دو سابق وزیر بھی شامل ہیں۔ گورنمنٹ پر سمجھوتہ کرنے کیلئے زور دے رہا ہے اور یہ بات یقینی سمجھی جا رہی ہے کہ وہ خفیہ طور پر معاملات کو شکتی ترمانے کی بجائے سمجھوتہ کی باتیں کرے۔ بعض لوگوں کی رائے ہے کہ گورنمنٹ کو تیسری پارٹی کے لیڈروں کو جن میں سے ۲ ہستیاں ایک مشترکہ بیان دیا ہے۔ بلا کے اور اپنے اتحاد میں لے۔ کہا جاتا ہے کہ بخشی غلام محمد سمجھوتہ کی بات چیت کے خلاف نہیں اور وہ جلد ہی اس سلسلہ میں شیخ عبداللہ سے بات کریں گے۔ حیدرآباد میں جموں کے سوال پر لیڈروں کی بحث کے لئے مرزا افضل بیگ نے گورنمنٹ کا کیس تیار کیا ہے۔ بحالت سرکار یوں تو کشمیر گورنمنٹ کے ساتھ ہے مگر وہ چاہتی ہے کہ جموں کو خودمختاری دینے کے لئے جلد از جلد کارروائی کی جائے۔

ویر بھارت ۱۷ جنوری

پرجا پریشد نے جیلوں میں عام بھوک ہڑتال شروع کرنے کی دھمکی دی

قیدیوں کو جموں واپس لاؤ ورنہ ..... مختلف شہروں میں گرفتاریاں بند

ویر بھارت ۱۷ جنوری

جموں ۱۵ جنوری۔ پرجا پریشد کے حلقوں کا بیان ہے۔ کہ گورنمنٹ ستیہ گرہیوں کو گرفتار نہیں کر رہی۔ بسوہلی بلاور، اکھنور وغیرہ میں ترنگے جھنڈوں کے ساتھ جلوس نکالے گئے لیکن کوئی گرفتاری نہ ہوئی۔ اس بیان کے مطابق جموں سنٹرل جیل میں پانچ سو قیدیوں نے ایک دن کا برت رکھا۔ پرجا پریشد کے جنرل سیکرٹری شری درگا داس ورمانی نے ایک بیان میں دھمکی دی ہے۔ کہ اگر سری نگر جیل اور بانہال سے ستیہ گرہی قیدیوں کو واپس جموں نہ لایا گیا۔ تو عام بھوک ہڑتال شروع ہو جائیگی۔ اُنہوں نے الزام لگایا ہے کہ قیدیوں کا جو جتھہ بانہال بھیجا گیا تھا سخت سردی میں کئی دن تک اس کی رہائش اور روٹی کا انتظام نہ کیا اور ستیہ گرہی بیمار ہو گئے۔ بعد ازاں انہیں بغیر چھت والی لاریوں میں جموں روانہ کیا گیا۔ لیکن پولیس کد سے پھر بانہال واپس لے گئی۔ بانہال کیمپ کی سخت سردی اور برف کے باعث ان کی حالت خراب ہے۔

نئی اصلاحات کے متعلق کشمیر سرکار کی سکیم پر پنڈت نہرو کا اظہار پسندیدگی

شیخ عبداللہ شری آئینگر سے ملنے مدراس جائینگے۔ نئی دہلی میں مزید بات چیت ہوگی

حیدرآباد ۱۵ جنوری۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے۔ کہ شیخ عبداللہ نے جموں و کشمیر میں نئی اصلاحات کے متعلق جو سکیم ہند سرکار کے مشورہ کے لئے پنڈت نہرو کو بھیجی تھی۔ پنڈت نہرو نے اس پر اظہار پسندیدگی کر دیا ہے۔ کل شیخ عبداللہ اور پنڈت نہرو میں اسی سلسلہ میں اہم تبادلہ خیالات ہوا۔ اور تجاویز کو قطعی شکل دے دی گئی ہے۔ یہ بھی پتہ چلا ہے کہ شیخ عبداللہ حیدرآباد سیشن کے فوراً بعد اس سلسلہ میں آئینی مشورہ کے لئے شری گوپال سوامی آئینگر سے ملنے مدراس جا رہے ہیں۔ جہاں شری آئینگر طویل علالت کے بعد صحتیاب ہو رہے ہیں۔ اگرچہ تجاویز کے متعلق وثوق سے کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ تاہم سیاسی حلقوں کے مطابق ... لداخ کے لوگوں کو بہت سی مراعات دیدی جائیں گی اور کشمیر کے ہند سے مالی الحاق کا بھی فیصلہ کیا جائے گا۔ شری آئینگر کو ملنے کے بعد شیخ عبداللہ نئی دہلی میں آکر پنڈت جواہر لال نہرو سے ملیں گے۔ جہاں یہ بات چیت جاری رہیگی۔ اس امر کا بھی امکان ہے۔ کہ بعض غیر جانبدار لیڈروں کو بھی مشورہ کے لئے طلب کیا جائیگا۔ اس سلسلہ میں ڈاکٹر شیام پرشاد مکرجی کا نام بھی لیا جا رہا ہے۔

P.T. (پرتاپ)

لیہہ میں ہڑتال و جلوس

صوبہ جموں میں فائرنگ کے خلاف

پٹھانکوٹ ۱۵ جنوری لیہہ جن سنگھ کو تار ہے کہ صوبہ جموں میں پولیس کی فائرنگ ... میں مکمل ہڑتال رہی اور ایک بڑا بھاری جلوس ... کے لئے نکالا گیا۔

جموں میں تین سکھ

جلوس نکالنے پر گرفتار کر لئے گئے

جموں ۱۵ جنوری آج جموں میں پرجا پریشد ... کے سلسلہ میں ایک جلوس نکالا گیا اسکے سلسلہ میں ... گرفتار کر لئے گئے جن میں تین سکھ بھی ہیں۔

لدھیانہ میں ہڑتال

ہند سماچار (بقیہ صفحہ ۳) ۱۷ جنوری

میں ختم ہوا۔ جلوس میں نعرے لگا رہا تھا کہ جموں سے پنجاب پولیس کو فوری طور پر واپس بلایا جائے کہ کشمیر کیلئے الگ پردھان، الگ جھنڈا اور الگ آئین نہیں رہنے دیا جائے گا۔ شام کو چوک نگر میں مقامی جن سنگھ کے زیر اہتمام شری ... کی صدارت میں ایک جلسہ ہوا۔ ملاپ کا اسسٹنٹ ایڈیٹر شری اندر جیت ... ایک پرستاؤ پیش کیا۔ جس میں جموں کی نازک صورت حالات پر گہری تشویش اور ہیرا نگر، چھمب، اودھم پور، رنبیر سنگھ پورہ سانبہ اور منتقلہ کی فائرنگوں میں شہید ہونے والوں کے پریوار سے ہمدردی کا اظہار کیا گیا۔ جن سنگھ، ہندو سبھا اور دوسری پارٹیوں کی ہائی کمانڈوں سے ... تحریک چلانے کا مطالبہ کیا گیا۔

بھارتیہ جن سنگھ کا جلسہ

ہند سماچار ۱۶ جنوری

کرنال ۱۵ جنوری۔ کل رات کے ۸ بجے جن سنگھ کرنال کے زیر اہتمام ایک جلسہ ہوا۔ جس میں دین دیال اپادھیائے جنرل سیکرٹری آل انڈیا بھارتیہ جن سنگھ نے بھارتیہ جن سنگھ کی کارگزاری و مقاصد بتاتے ہوئے جموں و کشمیر کے متعلق موجودہ ستیہ گرہ کے بارے روشنی ڈالی۔ اور حکومت ہند کے رویہ کے متعلق بتایا کہ کس طرح نا ... کر رہی ہے آخر میں پبلک سے اپیل ...

* کی گروہ پرجا پریشد جموں کے کاز کو اپنائیں اور حکومت پر زور دیں کہ وہ ان کے مطالبات مان لے۔ ... کوئی نہیں رہیگا۔ ...

ہند سماچار (سگمرا نیوز ایجنسی) ۱۷ جنوری

جنتا کی آواز
۱۵ جنوری ۱۹۵۳ء

پرجا پریشد اور عدم تشدد

عدم تشدد کا خیال ہندوستانی فلسفہ سے تعلق رکھتا ہے جب سے انسان میں قوت فکر پیدا ہوئی ہے تب سے یہ اصول چلا آتا ہے یہ ایک انفرادی چیز تھی لیکن گاندھی جی پہلے آدمی تھے جنہوں نے اس سے سیاسی اور سماجی تحریکوں میں کام لیا۔ اور تب سے اس اصول کا ہندوستان کی سیاست پر اثر پڑا ہے اور اب اس اصول کا چرچا ہندوستان کے باہر دوسرے ملکوں میں بھی ہو رہا ہے۔ جو لوگ اس اصول کو مانتے ہیں ان کے سامنے زندگی میں کوئی تبدیلی پیدا کرنا چاہتے ہیں ان کیلئے دو ہی طریقے ہیں۔ ایک تشدد جبر کا اور دوسرا عدم تشدد کا۔ جبر و تشدد کا دباؤ انسان کے جسم پر ہوتا ہے۔ اور اس سے کام لینے والا خود ذلیل و خوار ہوتا ہے بخلاف اس کے یعنی عدم تشدد کا دباؤ ... اگر جبر سے مختلف اثر پیدا کرتا ہے۔ اور جن لوگوں کے خلاف استعمال کیا جاتا ہے ان کے جسم پر نہیں بلکہ ان کے اخلاق پر اثر رکھتا ہے اور میں کہوں گا کہ اخلاقی طاقت کا اثر جبر و تشدد سے بہت زیادہ سخت ہوتا ہے۔

پرجا پریشد نے مہاتما گاندھی جی کے راستہ کو اختیار کیا ہے۔ اور وہ اسی طریقہ کار یعنی عدم تشدد کو اپنی کامیابی کا راز سمجھتی ہے۔ پرجا پریشد کی یہ تحریک کہ وہ ریاست جموں و کشمیر کا مکمل الحاق ہندوستان سے ہو۔ جو اپنے مقصد کے لحاظ سے شائستگی اور عمل کے لحاظ سے نہایت پر امن ہے۔ اس تحریک کو جو تھوڑے ہی عرصہ میں حیرت انگیز مقبولیت عام لوگوں میں حاصل ہوئی ہے۔ وہ اس بات کا کافی ثبوت ہے۔ عبد اللہ سرکار اس پر امن تحریک کو کچلنے کیلئے ہر قسم کے جبر و تشدد کا کھلا استعمال کر رہی ہے۔ اور یہ بات ظاہر ہے کہ عبد اللہ سرکار کا قیام تشدد پر ہے۔ اور یہ جبر و تشدد محض فوج۔ پولیس یا عدالتی ہی نہیں۔ کہ لوگوں پر وحشیانہ لاٹھی چارج، گولی، گیس، بھاری سزائیں ... جن پر نہ رہی اکتفا کر لیا گیا بلکہ اس سے زیادہ خوفناک رشوت ستانی تشدد کی ہے جس میں ... قاتلوں۔ غنڈوں اور جرائم پیشہ لوگوں کا استعمال ہے۔ رشوت، جھوٹ اور دغا بازی سے کام لیا جا رہا ہے۔

اخباروں، گشتی لیڈروں اور ریڈیو کے ذریعہ غلط پروپیگنڈہ کیا جا رہا ہے کہ پرجا پریشد کا ہجوم تشدد پر اتر آیا ہے۔ شیخ سرکار اس قسم کے بازاری طرز کا پروپیگنڈہ کر رہی ہے۔ اور پرجا پریشد کو فسادی جھگڑالو ... ہے۔ اور ہم بڑے نیک امن پسند اور جمہوریت کے علمبردار ہیں۔

جیسا کہ پہلے اوپر ذکر کیا ہے اس غیظ و غضب کا سبب ... کوئی قول و فعل نہیں ہے بلکہ عبد اللہ سرکار پر یہ خوف طاری ہے کہ ہندوستان سے مکمل الحاق کی صورت میں حکومت ہاتھ سے نکل جائے گی۔ شیخ صاحب اور ان کے ساتھی یہ ... میں کہوں گا کہ جن لوگوں کو اپنی قوت پر اعتماد ہوتا ہے وہ اس طرح مخالفین سے ہراساں نہیں ہوا کرتے۔ بخشی غلام محمد ... نے کئی بار کہا ہے۔ کہ ہم لاتوں کے بھوت ہیں ... نہیں کریں گے۔ اور تحفظ کیلئے جبر و تشدد کا استعمال کریں گے ... غیر قانونی کے خلاف ہوں لیکن قانون سے مراد بخشی صاحب کی یہ ہے۔ کہ غالب طبقہ کی مرضی۔ تو مجھے اس سے اتفاق نہیں ہے۔ میرے نزدیک قانون سے مراد ... راست بازی اور سب کی خیر خواہی۔

اگر ریاست کو اپنی آزادی کے تحفظ کیلئے جبر و تشدد کے استعمال کرنے کا حق ہے۔ تو کوئی وجہ نظر نہیں آتی کہ آزادی حاصل کرنے کیلئے یہ طریقہ جائز نہ ہو۔ یہ علیحدہ بات ہے۔ کہ یہ طریقہ کار مصلحت کے خلاف حالات اس کی اجازت نہیں دیتے۔ حکومت بر سر اقتدار فرقہ کی حیثیت رکھتی ہے اس کے پاس فوج، پولیس اور عدالتیں ہیں لیکن اس سے یہ حق نہیں ملتا۔ کہ عوام پر تشدد کیا جائے۔ کیونکہ ایسی حالت سے پہلے وغیرہ دم گھٹ ... اور ہندوستان میں ہر ... مرنا وہ اپنے اقتدار کیلئے بغاوت خیال کرتی ہے۔ چاہیئے تو یہ کہ وہ جبر و تشدد سے پرہیز کرے۔ اور پوری کوشش کرے کہ پر امن طریقے سے کام لیا جائے۔

[illegible]

پرجا پریشد کی تحریک سے کانگرس ہائی کمان کو تشویش

حیدر آباد کانگرس میں ریزولیشن پیش کیا جائے گا۔ چھپتے چھپتے

نئی دہلی ۱۴ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ حیدر آباد کانگرس ایک ریزولیوشن میں عوام سے اپیل کی جائے گی کہ وہ پانچ سالہ پلان کو کامیاب بنانے میں پوری تعاون کریں۔ کانگرس کے مختلف حلقوں کو ایک دوسرے کے زیادہ قریب لانے اور کانگرس میں نئی زندگی لانے کی تدابیر بھی سوچی جائیں گی۔ ہندوستان کی خارجہ پالیسی۔ کوریا میں صلح کیلئے ہندوستان کی کوششوں اور ریاستوں کے مسائل بھی زیر بحث آئیں گے۔ ... کشمیر کی موجودہ حالات کے متعلق ایک ریزولیشن پیش کیا جائے گا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کانگرس ہائی کمان کے سامنے پرجا پریشد کی تحریک سے پیدا شدہ صورت حالات پر بہت تشویش ہو رہی ہے۔ ... کی رائے ہے کہ اس تحریک سے صرف فرقہ وارانہ جذبات مشتعل ہو رہے ہیں۔

(ی۔پ)

جموں و کشمیر کی ہندیونین میں غیر مشروط شمولیت پر پرجا پریشد زور دیا جائیگا

پرجا پریشد کے اپ پردھان ٹھاکر دھنونتری کا اعلان۔ کلکتہ میں پریس کانفرنس

کلکتہ ۱۱ جنوری:۔ جموں و کشمیر پرجا پریشد کے اپ پردھان ٹھاکر دھنونتری سنگھ نے آج یہاں ایک پریس کانفرنس کے دوران بیان کیا کہ اگر ریاست جموں و کشمیر ہندوستان میں مکمل اور غیر مشروط طور پر شامل ہو جاتے تو پرجا پریشد نہ صرف اپنی ایجی ٹیشن بند کر دے گا۔ بلکہ پریشد کو بھی توڑ دیا جائے گا۔ پرجا پریشد کے سیکرٹری شری چمن لال نے بیان کیا کہ وہ تحریک کے ... ہونے تک ... نہیں کر سکتے۔ انہوں نے شیخ عبد اللہ پر الزام لگایا کہ وہ کشمیر کے عوام کی ایجی ٹیشن کو کچل کر ... پالیسی پر عمل کر رہا ہے۔ شری چمن لال نے مزید کہا کہ پریشد کی تحریک کا مقصد محض کشمیر کو مسلم ریاست بنانے کے متعلق شیخ عبد اللہ کی کوششوں کو روکنا ہے۔

15/1/1953

ہیرانگر میں فائرنگ سے ۲ ہلاک

تنگلی چلانی ۱۳ جنوری۔ آج کشمیر کے ڈپٹی ہوم منسٹر شری درگا پرشاد دھر انسپکٹر جنرل پولیس سردار پرتھی نندن سنگھ کے ہمراہ ہیرانگر روانہ ہوئے ہیں۔

عبد اللہ سرکار نے جموں کے بے شمار ستیہ گرہیوں کو سرینگر کی بدنامی جیلوں میں منتقل کر دیا۔ جہاں انتہائی شدید سردی کے باوجود ان سے محنت لی جاتی ہے۔ جس سے کہ ان کی صحت پر بہت ہی برا اثر پڑ رہا ہے۔ گرفتاری کی وجہ سے جو گرفتار شدہ ستیہ گرہی ہاہال میں رکھے رہتے ہیں ان کے خلاف بھی انتہائی انسانیت سوز سلوک کیا جا رہا ہے نہ تو ان کی بنیادی ضروریات پوری کی جا رہی ہیں اور نہ ہی بیماری کی صورت میں ان کے علاج کا بندوبست کیا جاتا ہے۔ ان ستیہ گرہیوں کو صرف ایک ہی وقت کھانا دیا جاتا ہے اور چند کمبل دیئے گئے ہیں۔ اگر مقامی لوگ ستیہ گرہی قیدیوں کو کھانا پہنچانے کی کوشش کرتے ہیں تو انہیں مار پیٹ کی جاتی ہے۔ اب تک اس قسم کے دس واقعات ہو چکے ہیں۔ ایک مقامی ہوٹل کے مالک نے پولیس والوں کو مفت کھانا کھلانے سے انکار کر دیا تھا جس پر اسے بری طرح پیٹا گیا۔ چند ستیہ گرہی قیدیوں کو کپڑے اتار کر بندوق کے کندوں سے پیٹا گیا۔ بسوہلی، نوشہرہ، بھدرواہ، کشتواڑ اور جموں کے دیگر علاقوں سے موصولہ اطلاعات سے ظاہر ہوتا ہے کہ ستیہ گرہ زوروں سے جاری ہے۔ متعدد گرفتاریاں بھی ہو رہی ہیں۔ لیکن اکثر گرفتار شدگان کو مار پیٹ کرنے کے بعد چھوڑ دیا جاتا ہے۔

ہیرانگر کی: اثر نگر سے کشمیر ہیرالڈ کے ایک ترجمان کا بیان ہے کہ فائرنگ سے صرف تین اشخاص زخمی ہوئے تھے۔ جن میں سے ۲ ہسپتال میں جا کر مر گئے۔ تیسرے زخمی کی حالت روبہ صحت ہے۔

ہیرانگر میں پر امن جلوس پر فائرنگ سے ۲ ہلاک ۳ زخمی

جموں شہر اور دیہات میں احتجاجی ہڑتال (اپنے نامہ نگار سے)

سرینگر اور بانہال جیلوں میں ستیہ گرہی قیدیوں سے انسانیت سوز سلوک

جموں ۱۳ جنوری جموں سے تقریباً ۴۰ میل دور ہیرانگر میں جہاں کل بخشی غلام محمد کے جلسہ میں گڑبڑ ہونے کے باعث گولی چلائی گئی تھی پولیس کی فائرنگ سے ۵ اشخاص ہلاک اور ۳ زخمی ہوئے۔ آج ہیرانگر میں فائرنگ کے خلاف احتجاج کے طور پر مکمل ہڑتال رہی اور اسی سلسلہ میں کل جموں شہر میں ہڑتال ہو گی۔ پرجا پریشد کے ایک ... بتایا گیا ہے کہ پریشد کے تین ممبروں نے ہیرانگر جا کر حقائق معلوم کرنا چاہا تھا۔ لیکن وہ ہیرانگر میں داخل نہ ہو سکے۔ کیونکہ پولیس نے تمام راستے بند کر رکھے تھے۔

بہرحال انہوں نے ہیرانگر کے قریبی دیہات میں جا کر ان لوگوں سے حالات دریافت کیا جنہوں نے مظاہرہ میں حصہ لیا تھا۔ اعلان میں کہا گیا ہے کہ دس ہزار اشخاص پر مشتمل ایک جلوس جو ہیرانگر میں نکلا تھا جلوس جب کول عمارت کے قریب پہنچا پولیس نے لاٹھی چارج کیا اور پھر اشک آور گیس استعمال کی۔ لیکن جلوس منتشر نہ ہوا اسی دوران بخشی غلام محمد اور پنڈت گردھاری لال ڈوگرہ بھی اس جگہ پہنچ گئے۔ مالوم ہوا ہے کہ بعد ہی پولیس (ریاستی گولی) ...

[illegible]

ہیرانگر میں زبردست ہڑتال پٹھانکوٹ جموں میں جگہ جگہ مظاہرے

جموں ۱۳ جنوری۔ ہیرانگر میں ابھی کچھ ادھر کا پایا جاتا ہے۔ پولیس کی بھاری تعداد میں تعینات کر دی گئی ہے اور پولیس گشت جاری ہے۔ ہیرانگر آنے اور جانے والوں پر کڑی نگرانی رکھی جا رہی ہے۔ جموں پٹھانکوٹ روڈ پر جگہ جگہ مظاہرے ہوئے جس سے ٹریفک بند ہو گیا۔ ایک جگہ مظاہرین عورتوں نے بسوں کا راستہ روک لیا۔ پتہ چلا ہے کہ فائرنگ میں ہلاک ہونے والوں کی لاشوں کو پنجاب بھیج دیا گیا ہے کٹھوعہ میں ہیرانگر فائرنگ کی خبر پہنچی۔ تو سارا شہر آن کی آن میں بند ہو گیا۔ اور ہزاروں اشخاص نے مظاہرے کئے۔ ایک زبردست جلسہ بھی منعقد ہوا۔



ایک پریس کانفرنس میں ڈاکٹر شیام پرشاد مکرجی نے ہند سرکار کو کشمیر اور پوربی بنگال کے مسائل کے فوری حل پر زور دیا ہے۔

دینک ۶ جنوری

تری دیو پرکاش نارائن نے پنڈت نہرو کا دعوت نامہ منظور کر لیا

کمیونسٹوں اور فرقہ پرستوں کے خلاف متحدہ محاذ قائم کیا جائیگا

(دینک کے خاص نامہ نگار سے)

نئی دہلی ۵ جنوری: معلوم ہوا ہے کہ پرجا سوشلسٹ پارٹی جلد ہی انڈین نیشنل کانگرس میں مدغم ہو جائے گی۔ بیان کیا جاتا ہے کہ صدر کانگرس پنڈت نہرو پارٹی ہذا کو کانگرس میں شامل کرنے کے حق میں ہیں۔ اس سلسلہ میں بہت جلد نئی دہلی میں پنڈت نہرو اور سوشلسٹ لیڈر تری دیو پرکاش نارائن کے درمیان بات چیت شروع ہو جائے گی۔ پنڈت نہرو نے دیش کی موجودہ حالات پر غور کرنے کے لئے تری دیو پرکاش نارائن کو جو دعوت نامہ بھیجا تھا وہ تری دیو پرکاش نارائن نے منظور کر لیا ہے اور وہ جلد ہی بات چیت کے لئے دہلی تشریف لا رہے ہیں۔ پنڈت نہرو دیش کے مختلف مسائل کے بارے میں ... کرپلانی سے بھی خط و کتابت کر رہے ہیں۔ ان تمام باتوں کا پنڈت نہرو نے یوپی پردیش کانگرس کمیٹی کے ممبروں کی میٹنگ میں انکشاف کیا جو چند روز ہوئے لکھنؤ میں منعقد ہوئی تھی۔ بیان کیا جاتا ہے کہ پنڈت نہرو ایک متحدہ محاذ قائم کرنے کے لئے دیرینہ کوشش کر رہے ہیں۔

کانگرس اور سوشلسٹ

